RAMPUR GOVT GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

جلد ۶	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۱ جمادی الثانی سنہ ۱۳۱۲ھ مطابق ۱۰ دسمبر سنہ ۱۸۹۴ء	نمبر ۵۱

فہرست مضامین

نمبر شمار	نام مضمون	نمبر صفحہ
	روبکار صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر	
۱	دربارہ انتظام دورہ حضور پرنور دام اقبالہم	۱ تا ۴
	حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر	
۲	سرکلر نمبر ۳۹ دربارہ ارسال روپیہ از تحصیلات	۵
	روبکار صاحب سکرٹری بہادر کونسل	
۳	تاکید بر منصرمان کارخانجات بابت حفاظت بانسہا۔	۵
۴ و ۵	نقشہ جات وجمعات زر خزانہ اجناس۔	

روبکار اجلاس صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر واقع ۳ دسمبر سنہ ۱۸۹۴ء

(۱) حضور پرنور دام ملکہم وحشمتہم بتقریب دورہ بتاریخ ۳ جنوری سنہ ۱۸۹۵ء سوار ہونگے فہرست مقامات بقید تاریخ شامل روبکار ہذا ہے۔

(۲) حضور پرنور جن مقامات پر کہ کوٹھی ہیں وہاں کوٹھیوں میں اور دیگر مقامات پر خیمہ میں قیام پذیر ہونگے کیمپ حسب شکل مندرجہ نقشہ منسلکہ نصب کیا جائے گا۔

(۳) خیمہ جات کے نصب کرنے میں امورات ذیل کا لحاظ ضرور ہے

(الف) جائے صاف بلند آبادی سے علیحدہ اور پر فضا منتخب کیجائے۔

(ب) جہاں تک ممکن ہو اس غرض کے لیے باغ تجویز کیا جاوے ۔ ورنہ میدان ۔ کسی حالت میں مزروعہ کھیتوں میں جہاں فصل استادہ ہو لشکر نہ ٹھہرایا جائے۔

(ج) پانی کے قریب ہونا چاہیے۔

(۴) کل لشکر کی تعداد تخمیناً ایک ہزار آدمیوں کے ہوگی اور تخمیناً ایک سو ۱۰۰ رتھ گاڑی ۔ پچاس ۵۰ شتر ۔ سوا سو ۱۲۵ گھوڑا ۔ پچیس ۲۵ ہاتھی ہوں گے۔

(۵) سامان رسد کافی جملہ قیامگاہ پر تحصیلداران پیشتر سے جمع کر لینگے اور لحاظ کرینگے کہ جملہ سامان ضروری ہر جگہ مہیا ہو اور قیمت بشرح بازار لشکریان سے مالکان کو دلائی جاوے۔

(۶) لشکر میں صفائی اور آراستگی بھی تحصیلداران حسب ضرورت کریں گے

(۷) ہر محال کا تحصیلدار اپنی اپنی تحصیل کے حدود کے اندر برابر ہمراہ لشکر رہیں گے اور جہاں سے اونکے علاقہ کی حد شروع ہوتی ہے وہاں سے مع قانون گوی پرگنہ و پٹواری یہ ہمراہ ہوں گے۔

(۸) نگرانی کیمپ حفاظت ذمہ پولیس ہے۔ ایک انسپکٹر پولیس انچارج کیمپ برابر ہمراہ لشکر رہے گا اور ہر تھانہ کا مہتمم اپنے تھانہ کے حدود میں اسطرح انجام دہی خدمات بالا مع کافی کانسٹبلان و چوکیداران حاضر رہے گا۔

(۹) ہر مہتمم اپنے علاقہ کے حد پر وردی میں حاضر ہوگا اور ہر تھانہ کا ملازم جس حال میں کہ تھانہ کی جگہ لشکر مقیم ہو کار متعلقہ کے وقت وردی پہنے رہے گا ۔ وردی پولیس ۔ مکان تھانہ ۔ اور دفتر مالخانہ ۔ حوالات وغیرہ صاف اور آراستہ ہونا چاہیے۔

(۱۰) ہر علاقہ کا ویکسینیٹر واسطے جانچ و ملاحظہ کرانے کام صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر کے پاس حاضر ہوگا۔

(۱۱) شفا خانہ انگریزی و یونانی بغرض ملاحظہ حضور پر نور صاف و ترتیب سے رکھنا چاہیے۔

(۱۲) سڑک ہائے تحصیل پل و گھاٹ جدھر سے لشکر گذریگا صاحب چیف انجنیر بہادر اول سے مرمت کرا دینگے سب اوورسیر افسر آبپاشی یعنے علاقہ دار جہاں نہر کے قریب لشکر گذرے حاضر لشکر ہوں۔

(۱۳) کوٹھیات یعنی شاد آباد [illegible] اور نیز دیگر ڈاک بنگلہ ہا کی ضروری مرمت صفائی صاحب چیف انجنیر بہادر [illegible]

(۱۴) سپرنٹنڈنٹ باغات جن مقامات پر کہ باغ سرکاری ہیں حاضر [illegible] اول سے درستی و صفائی چمن وغیرہ مناسب طور پر کیجاوے۔

(۱۵) اگر جائے قیام پر مدرسہ سرکاری ہو تو وہاں کا مدرس کیمپ میں وائس پریزیڈنٹ بہادر کے پاس حاضر ہوگا اور مدرسہ کی درستی بغرض ملاحظہ سرکار فیض آثار اول سے کافی طور پر کیجاوے گی۔

(۱۶) گرد آور حفظان صحت ہمراہ لشکر سرکار بدقرار رہے گا اور مقامات صفائی وغیرہ ملاحظہ کرتا رہیگا۔

(۱۷) ڈاک بذریعہ تھیلی معرفت شتر سواران کے لفٹیننٹ صدر کے زیر انتظام روانہ آیا جایا کرے گی تعین اوقات کا لفٹیننٹ صاحب صدر بدریافت پوسٹ ماسٹر صاحب کے کر لیویں گے۔

حکم ہوا کہ

ایک ایک نقل اس و بجارک مع نقل فہرست نقشہ اجلاس صاحب ہوم ممبر بہادر و صاحب جوڈیشل ممبر بہادر و صاحب سکرٹری بہادر کونسل میں بدین مراد مرسل ہو کہ اپنے اپنے یہاں سے احکام متعلق بنام

بامتحان اجرا فرمائیں — اور نقل دفعہ ۸ و ۹ خدمت میں صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس و نقل ۱۰ اور ۱۱ سیول سرجن صاحب بہادر کی خدمت میں و نقل دفعہ ۱۱ صدر منصرم شفاخانہ یونانی کے پاس اور نقل دفعہ ۱۲ و ۱۳ اجلاس صاحب چیف انجنیر بہادر میں اور نقل نمبر ۱۴ مسٹر فلیپ صاحب بہادر کی خدمت میں اور نقل دفعہ ۱۶ گرداور حفظان صحت کے پاس اور ۱۷ دفعہ کی نقل لفٹیننٹ صاحب رسالے کے پاس بہر تعمیل و اجرائے کارروائی مرسل ہوں — اس کے بکار کے احکام سر رشتہ دار صدر زیر نگرانی خود بہت احتیاط سے جاری کرائیں اور درج گزٹ ہو۔ [illegible]

پروگرام دورہ ہز ہائنس نواب صاحب بہادر دام اقبالہم

تاریخ	یوم	نام مقام	کیفیت
۳ر جنوری ۱۸۹۵ء	پنجشنبہ	بٹوائی	
۴ر جنوری ۱۸۹۵ء	جمعہ	قیام	
۵ر جنوری ۱۸۹۵ء	شنبہ	سیفنی	
۶ر جنوری ۱۸۹۵ء	اتوار	قیام	
۷ر جنوری ۱۸۹۵ء	دوشنبہ	گورتالاب	
۸ر جنوری ۱۸۹۵ء	منگل	شاہ آباد	
۹ر جنوری ۱۸۹۵ء	بدھ	قیام	
۱۰ر جنوری ۱۸۹۵ء	جمعرات	قیام	
۱۱ر جنوری ۱۸۹۵ء	جمعہ	قیام	
۱۲ر جنوری ۱۸۹۵ء	شنبہ	کوپ	
۱۳ر جنوری ۱۸۹۵ء	یکشنبہ	قیام	
۱۴ر جنوری ۱۸۹۵ء	دوشنبہ	ملک	
۱۵ر جنوری ۱۸۹۵ء	سہ شنبہ	قیام	
۱۶ر جنوری ۱۸۹۵ء	چہارشنبہ	قیام	
۱۷ر جنوری ۱۸۹۵ء	پنجشنبہ	برلا	
۱۸ر جنوری ۱۸۹۵ء	جمعہ	قیام	
۱۹ر جنوری ۱۸۹۵ء	شنبہ	قیام	
۲۰ر جنوری ۱۸۹۵ء	یکشنبہ	کیمری	
۲۱ر جنوری ۱۸۹۵ء	دوشنبہ	قیام	
۲۲ر جنوری ۱۸۹۵ء	سہ شنبہ	بلاسپور	
۲۳ر جنوری ۱۸۹۵ء	چہارشنبہ	قیام	
۲۴ر جنوری ۱۸۹۵ء	پنجشنبہ	ملک خانم	
۲۵ر جنوری ۱۸۹۵ء	جمعہ	سوار	
۲۶ر جنوری ۱۸۹۵ء	شنبہ	قیام	
۲۷ر جنوری ۱۸۹۵ء	یکشنبہ	مان پور	
۲۸ر جنوری ۱۸۹۵ء	دوشنبہ	قیام	
۲۹ر جنوری ۱۸۹۵ء	سہ شنبہ	سیکر	
۳۰ر جنوری ۱۸۹۵ء	چہارشنبہ	ٹانڈہ	
۳۱ر جنوری ۱۸۹۵ء	پنجشنبہ	قیام	
یکم فروری ۱۸۹۵ء	جمعہ	لال پور	
۲ر فروری ۱۸۹۵ء	شنبہ	رامپور	


احاطہ
باورچی خانہ
اندر سکرٹری
کابل
پرائیوٹ سکرٹری بہادر
دوچوبہ
بسنتی
شامیانہ
خانساماں
کابل
ایڈیکانگ صاحب محفوظ خان
دوچوبہ
میجر حمید الظفر خان بہادر
یک چوبہ
شامیانہ
صاحب ریونیو ممبر بہادر
یک چوبہ
شامیانہ
میر منشی صاحب
یک چوبہ
تحصیلدار صاحب
یک چوبہ
انسپکٹر انچارج کیمپ
یک چوبہ
صاحبزادہ علیم خان
یک چوبہ
خواجہ صاحب
یک چوبہ
صاحبزادہ میاں سید الدولہ
یک چوبہ
حکیم صاحب میاں سید شاہ
یک چوبہ
گرداور حفظان صحت
یک چوبہ
میجر صاحب
کابل

سرکلر نمبر ۳۹ اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر

تحصیلات سے جو روپیہ نقد صدر کو آتا ہے وہ چند اقسام کا ہوتا ہے
اول بابت مالگذاری خزانہ معمولی کے دوم زر نذرانات و امانت سوم
وہ روپیہ جو کسی اور کام کی بابت تحصیلات مین وصول ہوتا ہے
مثلاً پٹواریان سے قیمت آلات یا کسی کار خیر کا چندہ
قسم اول کا روپیہ ہمیشہ حسب ضابطہ پولیس گارڈ کے ساتھ آتا ہے
قسم دوم کا روپیہ سیاہہ تحصیلی مین بتفصیل درج ہوکر خزانہ تحصیلی مین
جمع ہونا چاہیے صدر کو نقد بھیجنے کی ضرورت نہین حسابات
سررشتہ دیوان صدر مین عملدرآمد بذریعہ سیاہہ ہوسکتا ہے
قسم سوم کا روپیہ اگر سیاہہ سرکار ہونے کے لائق ہی تو سیاہہ مین
تفصیل کے ساتھ درج ہوکر خزانہ تحصیلی مین جمع کردیا جایا کرے
اور جس سررشتہ کی تحریر کی بموجب وصول کیا گیا ہو وہان داخلہ
اور اطلاع سیاہہ بھیجنا چاہیے اگر جمع کرنے کے لائق نہین ہی بلکہ
اس قسم کا روپیہ ہے کہ وہ فراہم ہوکر کہین کو بھیجا جاوےگا یا صرف ہوگا
اور اسوجہ سے اوسکے صدر کو بھیجنے کی ضرورت ہے تو جہانتک ممکن ہو
ارسال معمولی کے ساتھ علیحدہ بھیجدیا جایا کرے۔

اگر ارسال کی روانگی مین توقف ہو تو پولیس گارد کے ساتھ
علیحدہ بھیجدیا جایا کرے۔

ایک تحصیل سے دوسری تحصیل کو روپیہ بھیجنے کی بابت بھی
ایسی ہی کارروائی ہونا چاہیے فقط

ملاحظہ ہوا جاری کیا جاوے اور گزٹ مین شایع ہووے۔

۲۷ ماہ نومبر ۱۸۹۴ع

روبکار اجلاس صاحب سکریٹری بہادر واقع ۱۴ دسمبر ۱۸۹۴ع

ہر سال مہتممان کارخانجات جنکا کارخانہ میلہ مین جایا کرتا ہے
بانس برائے بندش پاڑہ وغیرہ میلہ طلب کیا کرتے ہین جب پوچھا جاتا ہے
کہ بانسہاے سال گذشتہ کیا ہوگئے تو کچھ جواب معقول نہین دیتے
میلہ کے حوالہ مین ٹال دیتے ہین یہ امر بہت نازیبا ہے کہ بانسہاے کی
حفاظت مہتممان نہین کرتے ہر سال درخواست جدید بانسہاے
گذرانتے ہین۔

لہذا حکم ہوا کہ

سپرنٹنڈنٹ کارخانجات جملہ کارخانہ داران پر جنکا کارخانہ میلہ مین
جاتا ہی تاکید کردین کہ بانسہاے کی حفاظت بخوبی تمام کرین اور بعد
میلہ بانسہاے اپنے فراہم کرکے کارخانہ مین بحفاظت رکھوا دین
تاکہ دوسرے سال اسی میلہ مین کار آمد ہون اگر خلاف اسکے ہوا تو سخت
بازپرس کیجاوےگی اور درج گزٹ بھی حکم ہذا کرادیا جاوے۔

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۳ لغایت ۹ دسمبر سنہ ۱۸۹۴ء

نام تحصیل	تفصیل پیدائش: مرد		عورت		میزان	تفصیل سبب		تفصیل موتے: ایک سال سے ۵ سال تک		۵ سال سے ۱۲ سال تک		۱۲ سال سے زیادہ		میزان		تفصیل سبب		تفصیل الامراض					کیفیت
	مسلمان	ہنود	مسلمان	ہنود		[illegible]	[illegible]	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
شہر رامپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
شاہ آباد	۵	۲۸	۳	۲۰	۵۶	۱۰	۴۸	۱۴	۷	۱۱	۲	۳۱	۱۷	۵۴	۲۵	۱۲	۶۶	۰	۰	۰	۶۹	۷۹	۰
ملک	۵	۳۸	۱	۳۶	۸۰	۴	۷۴	۲۴	۱۱	۳	۴	۳۵	۳۲	۶۴	۴۸	۱۳	۹۹	۰	۰	۵۰	۶۲	۱۱۲	۰
بلاسپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
سوار	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	//
ٹانڈہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	//
میزان	۱۰	۶۶	۴	۵۶	۱۳۶	۱۴	۱۲۲	۳۸	۱۸	۱۴	۶	۶۶	۴۸	۱۱۸	۷۳	۲۵	۱۶۶	۰	۰	۵۰	۱۳۱	۱۹۱	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۳ لغایت ۹ دسمبر سنہ ۱۸۹۴ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۰	۱۳ ار	۱۴ ۰ ار	۱۲ ۱۰ ار	۱۵ ار	۱۵ ار	حضور تحصیل سے نقشہ نہیں آیا۔
نخود خالص	۰	۱۷ ار	۲۰ ۰ ار	۱۷ ۱۰ ار	۱۷ ۱۰ ار	۱۹ ار	
نخود گندم آمیز	۰	۰	۲۱ ۰ ار	۱۹ ار	۲۰ ۰ ار	۱۸ ار	
جو	۰	۰	۲۲ ۰ ار	۰	۰	۰	
ماش	۰	۱۱ ار	۱۳ ۰ ار	۱۱ ار	۱۰ ۰ ار	۱۱ ار	
مونگ	۰	۱۱ ار	۱۳ ار	۱۲ ار	۰	۱۱ ار	
مکا	۰	۱۲ ار	۲۰ ۰ ار	۲۰ ۰ ار	۱۷ ۰ ار	۲۰ ۰ ار	
چنے	۰	۰	۲۱ ار	۰	۲۲ ۰ ار	۰	
گوچنے	۰	۰	۱۸ ۰ ار	۰	۲۰ ۰ ار	۰	
عدس	۰	۰	۱۷ ار	۰	۱۵ ار	۰	
ارہر	۰	۰	۱۸ ار	۰	۰	۰	
برنج	۰	۱۱ ار	۱۴ ار	۱۱ ار	۱۲ ار	۱۰ ار	
روغن زرد	۰	۱۱ ار	۱۲ ار	۱۲ ار	۱۱	۱۱ ار	
روغن سیاہ	۰	۲ ار	۳ ۰ ار	۲ ۰ ار	۲ ۰ ار	۲ ۰ ار	
روغن کنجد	۰	۳ ار	۲ ار	۰	۰	۲ ار	
نمک سانبھر	۰	۸ ار	۹ ار	۸ ار	۸ ار	۸ ار	
نمک لاہوری	۰	۶ ار	۶ ار	۰	۰	۰	
قند سیاہ	۰	۱۰ ار	۱۱ ار	۰	۱۰ ار	۹ ار	